Cambridge Assessment
International Education



# ڈیسٹینیشن پاکستان

## آپ کی کیمبرج اسناد کا پاکستان میں اعلی تعلیم کے لیے استعمال

# فہرست مضامین


درست انتخاب کرنا ........................................................................ 1

کیمبرج، IGCSE، کیمبرج O لیول اور کیمبرج
انٹرنیشنل A لیول کے لیے IBCC کے تقاضے ............................ 2

گریڈز کی تبدیلی ........................................................................ 3

طلباء کی مثالی کہانیاں ........................................................................ 5

پاکستان میں میڈیکل اور انجنئرنگ کی تعلیم ............................ 7

پاکستان میں یونیورسٹی کی سطح پر منظوری ............................ 8

مزید معلومات ........................................................................ 16


# ہمارے بارے میں

کیمبرج اسیسمنٹ انٹرنیشنل ایجوکیشن اسکول کے طلبہ کو عملہ زندگی کے لیے تیار کرتا ہے، ان میں ایک فکری جستجو اور سیکھنے کے لیے دیرپا جذبے کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ ہم یونیورسٹی آف کیمبرج کا حصہ ہیں۔

ہمارا کیمبرج طریقہ تعلیم 5 سال سے 19 سال کی عمر کے طلبہ کو تعلیمی کامیابی کے لیے ہموار راستہ فراہم کرتا ہے۔ اسکولوں کی جانب سے مضامین کی وسعت کے مطابق اس قدر آسان طریقوں سے نصاب تشکیل دیا جا سکتا ہے کہ طلبہ کو پڑھانے میں مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ اس طرح طلبہ کو اپنی عملی زندگی کے لیے درکار بہترین کارکردگی اور وسیع تر دینا میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں مدد ملتی ہے، تاکہ وہ اسکول سے یونیورسٹی تک تعلیمی میدان کے علاوہ عملی دنیاں میں بھِی کامیابیاں حاصل کر سکیں۔

# درست انتخاب کرنا

کیمبرج کی بین الاقوامی اسناد - تعلیم، یونیورسٹی اور عملی زندگی میں - کامیابی کا پاسپورٹ ہیں۔ کیمبرج کی بین الاقوامی تعلیم دنیا بھر کے طلبہ کے لیے ڈیزائن کی گئی ہیں۔ مواد کثیرثقافتی ہے اور اس میں مضامین کی ایک وسیع رینج دستیاب ہے- جس میں متعدد ممالک کے لیے مخصوص کورسز شامل ہیں۔



دوران تعلیم کورس کا انتخاب ایک طالب علم کے لیے انتہائی اہم فیصلہ ہوتا ہے۔ یہ چیک کرنا لازمی ہے کہ اسناد وسیع پیمانے پر تسلیم شدہ ہیں اور مزید تعلیمی اداروں، یونیورسٹیز اور ملازمت دینے والے اداروں کے یہاں ان کی قدر کی جاتی ہے۔ کیمبرج کی بین الاقوامی اسناد کا انتخاب مواقع کی ایک دنیا کا دروازہ کھولتا ہے -جس سے آپ کو اپنی منتخب کردہ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرنے یا مستقبل میں ملازمت کے حصول میں اپنی قابلیت ثابت کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## پاکستان میں منظوری

پاکستان سمیت دنیا بھر کی یونیورسٹیز کیمبرج کی بین الاقوامی اسناد کو تسلیم اور ان کا خیر مقدم کرتی ہیں۔ حکومت پاکستان کیمبرج کی اسناد کو تسلیم کرتی ہے اور مقامی نظام تعلیم کی مناسبت سے برابری فراہم کرتی ہے تاکہ جو طلبہ پاکستان میں اپنی تعلیم جاری رکھنے کا انتخاب کرتے ہیں ان کے لیے ہموار طریقے سے آگے بڑھنے کو یقینی بنایا جائے۔

اسناد کی برابری جاری کرنے کے لیے ذمہ دار سرکاری ادارہ انٹربورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) ہے۔ کیمبرج O لیولز اور کیمبرج IGCSE® اسناد کو مقامی سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ (SSC) اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز کو ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ (HSSC) کے مساوی قرار دیا گیا ہے۔

HSSC لیول پر برابری کے اہل قرار پانے کے لیے IBCC نے لازمی اور اختیاری مضامین کی ایک فہرست فراہم کی ہے جن کی تعلیم کیمبرج O لیول، کیمبرج IGCSE اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول پر حاصل کرنا ضروری ہے۔ آپ کو یہ فہرست یہاں مل جائے گی: www.ibcc.edu.pk

## جون 2020 امتحانی سیریز میں گریڈ تفویض کرنا

کورونا کی وبا کے باعث، کمبرج انٹرنیشنل نے جون 2020 میں دنیا بھر میں کہیں پر بھی امتحانات منعقد نہیں کیے۔ اس کے برعکس ہم نے نتائج حاصل کرنے اور گریڈ تفویض کرنے کے لیے ایک متبادل نظام تشکیل دیا ہے۔ پاکستان بھر کی یونیورسٹیز اور IBCC نے نتائج کو کیمبرج کی گزشتہ سیریز کے نتائج کی طرح ہی قبول کیا ہے۔ مضامین کی مساوی حیثیت معلوم کرنے کے لیے ہمیشہ IBCC کی ویب سائٹ چیک کریں: www.ibcc.edu.pk

# کیمبرج، IGCSE، کیمبرج O لیول اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے لیے IBCC کے تقاضے

### کیمبرج IGCSE اور O لیول

کیمبرج IGCSE اور O لیول کو IBCC کی جانب سے سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ (SSC) کے مساوی مانا جاتا ہے، تاوقتیکہ طلبہ درج ذیل تقاضے پورے کرتے ہوں؛ پاکستان میں ہونے والے امتحانات (مقامی امتحان) دینے والے طلبہ کو آٹھ مضامین بشمول انگریزی، اردو، اسلامیات، مطالعات پاکستان، حساب اور تین اختیاری مضامین لینا ضروری ہے۔

سائنس گروپ کے لیے اہل قرار پانے کے لیے فزکس، کیمسٹری، بائیولوجی یا کمپیوٹر سائنس/انفارمیشن اور کمیونی کیشن ٹیکنالوجی (ICT) کے مضامین میں پاس کرنا ضروری ہے۔ جو طلبہ سائنس گروپ کے لیے اہل نہیں قرار پاتے، انھیں آرٹس گروپ میں رکھا جاتا ہے۔

کیمبرج O لیول کے مرحلے پر بائیولوجی کی جگہ کمپیوٹر سائنس یا ICT کی سند رکھنے والے طلبہ کو SSC سائنس گروپ کے مساوی قرار دیا جائے گا لیکن انھیں HSSC (پری میڈیکل گروپ) کے مساوی قرار نہیں دیا جائے گا، اگرچہ کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے مرحلے پر فزکس، کیمسٹری اور پائیولوجی کے مضامین پاس کر لیے گئے ہوں۔



### کیمبرج انٹرنیشنل A لیول

کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز کو ہائرسیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ (HSSC) کے مساوی مانا چاتا ہے، بشرطیکہ مختلف گروپس کے لیے متعین تقاضے پورے ہوتے ہوں:

**پری میڈیکل گروپ:**
آٹھ کیمبرج O لیول کے مضامین (بشمول انگریزی، اردو، اسلامیات، مطالعات پاکستان، فزکس، کیمسٹری، حساب اور بائیولوجی) اور تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز (فزکس، کیمسٹری اور بائیولوجی) نیز کم از کم E گریڈ۔

**پری انجینئرنگ گروپ:**
آٹھ کیمبرج O لیول کے مضامین (بشمول انگریزی، اردو، اسلامیات، مطالعات پاکستان، فزکس، کیمسٹری، حساب اور بائیولوجی یا کمپیوٹر سائنس ICT) اور تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز (فزکس، کیمسٹری اور حساب) نیز کم از کم E گریڈ۔

**جنرل سائنس گروپ:**
آٹھ کیمبرج O لیول کے مضامین اور تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے مضامین جنرل سائنس گروپ کے لیے اہل قرار پانے کے لیے مطلوب ہیں۔ جنرل سائنس گروپ سے تعلق رکھنے والے طلبہ انجینئرنگ یا میڈیکل کالجوں میں داخلے کے اہل نہیں ہیں۔

**ہیومینیز گروپ:**
آٹھ کیمبرج O لیول کے مضامین بشمول انگریزی اور حساب نیز تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے مضامین۔ ہیومنٹیز گروپ سے تعلق رکھنے والے طلبہ انجینئرنگ یا میڈیکل کالجوں میں داخلے کے اہل نہیں۔

**ضروری معلومات:**
مضامین کی مساوی حیثیت معلوم کرنے کے لیے ہمیشہ IBCC کی ویب سائٹ چیک کریں: www.ibcc.edu.pk

# گریڈز کی تبدیلی

درج ذیل جدول وہ نمبر فراہم کرتا ہے جو کیمبرج سے حاصل شدہ گریڈز کے عوض IBCC نوازتا ہے۔

| IBCC مارکس | گریڈ |
|---|---|
| **90+ | A* |
| 85 | A |
| 75 | B |
| 65 | C |

| IBCC مارکس | گریڈ |
|---|---|
| 55 | D |
| 45 | E |
| ناقابل اطلاق[1] | F |
| ناقابل اطلاق[1] | G |

**2021 امتحانات کی سیریز کے بعد

[1] IBCC کی برابری کے لیے قابلِ اطلاق نہیں ہے

**2021 میں یا اس کے بعد امتحانات میں شریک ہونے والوں کے لیے A* کی برابری کے لیے 90+ مارکس رکھے گئے ہیں۔ A* کی برابری مارکس کے لیےIBCC کی جانب سے مشورے کے مطابق ہر مضمون میں ہر سال تبدیلی کی جائے گی لیکن 90+ مارکس ہمیشہ رہیں گے۔ گریڈزکی تبدیلی سے متعلق مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں:**
http://ibcc.edu.pk/conversion-for-equivalence

## کیمبرج O لیول اور کیمبرج IGCSE کی تبدیلی

گریڈ کی تبدیلی کی وضاحت کرنے کے واسطے، برابری کی ایک تیارکردہ مثال ذیل میں پیش کی گئی ہے۔

| مضمون | گریڈ | IBCC مارکس |
|---|---|---|
| انگریزی زبان | A* | 93 |
| اردو | A | 85 |
| اسلامیات | B | 75 |
| مطالعات پاکستان | B | 75 |
| فزکس | A | 85 |
| کیمسٹری | A | 85 |
| بائیولوجی | C | 65 |
| حساب | D | 55 |
| **کل** | | **618** |

**A* مارکس 2021 میں اس مضمون کے لیے IBCC مارکس میں سے دی گئی ہیں۔ یہ مارکس ہر سال تبدیلی سے مشروط ہیں۔ برائے مہربانی مزید معلوما ت کے لیے** https://ibcc.edu.pk/conversion-for-equivalence **وزٹ کریں۔**

اگر کوئی طالب علم مذکورہ گریڈز حاصل کرلیتا ہے، تو انھیں IBCC کی جانب سے نوازے گئے نمبروں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ حاصل شدہ کل نمبر 800 میں سے ہوتے ہیں، لہٰذا انھیں پاکستانی تعلیمی اسکیم کے مساوی بنانے کی ضرورت ہے، جوخود 900 میں سے نمبر دیتا ہے۔

پاکستانی تعلیمی اسکیم کے مطابق طالب علم کے حاصل شدہ نمبروں کو مساوی بنانے کے لیے درجِ ذیل فارمولہ استعمال کیا جاتا ہے:

کُل نمبر x 900/800

695.25 = 900/800 x 618

## کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کی تبدیلی

کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کو تبدیل کرنے کے واسطے، کیمبرج O لیول / کیمبرج IGCSE (آٹھ مضامین) اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول (تین مضامین) دونوں کے نمبروں کو زیرغوررکھا جاتا ہے۔

| O GCE کا مضمون | گریڈ | IBCC مارکس |
|---|---|---|
| انگریزی زبان | A* | 93 |
| اردو | A | 85 |
| اسلامیات | B | 75 |
| مطالعات پاکستان | B | 75 |
| فزکس | A* | 94 |
| کیمسٹری | B | 75 |
| بائیولوجی | A | 85 |
| حساب | B | 75 |
| **کل** | | **657** |

**A* مارکس 2021 میں اس مضمون کے لیے IBCC مارکس میں سے دی گئی ہیں۔ یہ مارکس ہر سال تبدیلی سے مشروط ہیں۔ برائے مہربانی مزیدمعلوما ت کے لیے** https://ibcc.edu.pk/conversion-for-equivalence **وزٹ کریں۔**

| A GCE کا مضمون | گریڈ | IBCC مارکس |
|---|---|---|
| فزکس | A | 85 |
| کیمسٹری | A* | 94 |
| بائیولوجی یا حساب | B | 75 |
| **کل** | | **254** |

**A* مارکس 2021 میں اس مضمون کے لیے IBCC مارکس میں سے دی گئی ہیں۔ یہ مارکس ہر سال تبدیلی سے مشروط ہیں۔ برائے مہربانی مزید معلوما ت کے لیے** https://ibcc.edu.pk/conversion-for-equivalence **وزٹ کریں۔**

یہ فرض کرتے ہوئے کہ اگر کوئی طالب علم مذکورہ گریڈز حاصل کرلیتا ہے، تو انھیں IBCC کی جانب سے نوازے گئے نمبروں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔جیساکہ حاصل شدہ کل نمبر 1100 میں سے ہوتے ہیں، لہٰذا انھیں پاکستانی تعلیمی اسکیم کے مساوی بنانے کی ضرورت نہیں ہے، جو خود بھی 1100 میں سے ہی نمبر دیتا ہے۔

درج ذیل فارمولا استعمال کیا جاتا ہے:


کُل مارکس x 1100/1100

911 = 1100/1100 x (657+254)

## مجھے جب امتحان کے نتائج حاصل ہوتے ہیں تو پھر کیا ہوتا ہے؟

یہ بات اہم ہے کہ آپ جس یونیورسٹی میں داخلہ لینا چاہتے ہیں تو انھیں آپ سے متعلق کیا معلومات درکارہو گی۔ پاکستانی یونیورسٹیز میں داخلہ آپ کی ہائی اسکول تک تعلیم مکمل کرنے سے مشروط ہے، اس لیے یونیورسٹیز کو آپ کے کیمبرج انٹرنیشنل AS اور A لیولز میں کامیابی کا ثبوت درکار ہو گا۔ کچھ یونیورسٹیاں یہ ثبوت الیکٹرونک ذرائع سے قبول کر سکتی ہیں، جبکہ باقی یونیورسٹیاں تصدیق شدہ نقل کا تقاضا کرتی ہیں۔ یونیورسٹیز کو آپ کی زبان یعنی اردو یا انگریزی سے متعلق قابلیت کا ثبوت بھی درکار ہوتا ہے، اس لیے یہ بات اہم ہے کہ مذکورہ سر ٹیفکیٹ بھی موجود ہونا چاہیے۔ ہم ترجیحی بنیادوں پر نتائج جاری کرنے کی سروس بھی پیش کرتے ہیں، اور تعلیمی اداروں کو نتائج کے اجراء والے دن ہی نتائج کا تفصیلی سرٹیفکیٹ بھی حاصل کرنے کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ اس سروس کے متعلق مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں:
www.cambridgeinternational.org/exam-administration/cambridge-exam-officers-guide/phase-6-results-and-certificates





# طلبہ کی مثالی کہانیاں

## اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا راستہ

**حسن ادریس** نے بیکن ہاؤس اسکول، کراچی میں کیمبرج O لیولز اورکیمبرج انٹر نیشنل AS اور A لیولز کی تعلیم حاصل کی۔ انھوں نے NUST سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں ڈگری حاصل کی اور اس کے بعد امریکہ میں ایریزونا اسٹیٹ یونیورسٹی میں فل برائٹ اسکالرشپ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ اور ڈینور، کولوراڈو میں الیکٹریکل انجینئرنگ کنسلٹنٹ بن گئے۔



«کیمبر ج انٹرنیشنل اسناد کی بدولت میں نہ صرف اپنا انڈرگریجویٹ داخلہ ٹیسٹ آسانی سے پاس کر پایا بلکہ مجھے یونیورسٹی میں ریاضی کے تصورات کواپنے ساتھی طلبہ کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے سمجھنے، اور اپنے علم کو نئی جہتوں میں استعمال کرنے میں بھی کافی مدد ملتی ہے۔ کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز کے دوران مضمون پر حاصل کی جانے والی مہارت کی مثال نہیں ملتی اور کیمبرج طریقہ تعلیم اس قدر آسان ہے کہ تصورات اورخیالات کو سمجھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی۔ میں ہمیشہ انجینئرنگ میں کیریئر بنانے کے لیے نئے طلبہ کی ہمت افزائی کرتاہوں، اور مجھے کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کی سفارش کرتے ہوئے خوشی ملتی ہے۔ STEM مضامین (سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور حساب) میں کیمبرج انٹرنیشنل میں تعلیم حاصل کرنے کے نتائج ہر ایک نصاب میں شاندار ہوتے ہیں اور طلبہ کو آگے بڑھنے کے قابل بناتے ہیں۔ آپ کو نصابی کتب کے تصورات کے علاوہ بھی مختلف طریقوں سے سوچنے کی پذیرائی ملتی ہے، اور نئی جہتوں اور طریقوں کو استعمال کرنے کی ہمت افزائی کی جاتی ہے۔ بیشک اساتذہ اور نصابی کتب لازمی ہیں، کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کے دوران بھی تجریدی بنیادوں پر سوچنے، تجربات اور ایجادات کے لیے کوششوں کی تلقین کی جاتی ہے؛ اور یہ سب کچھ ایک طالب علم کومستقبل میں اعلیٰ تعلیم اور کیریئر میں کامیابی کے لیے مددگار ثابت ہوگا۔»



**شاہ زیب علی** کولاہورکالج آف آرٹس اینڈ سائنسز سے کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز مکمل کرنے کے بعد لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز میں کمپیوٹر سائنس پڑھنے کے لیے داخلہ مل گیا۔

«میں نے کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کے لیے بنیادی تعلیم حاصل کرنے کا اس لیے انتخاب کیا کہ انھیں عالمی سطح پر قبول کیاجاتا ہے، اور اس لیے بھی کہ مجھے یہاں پر انگریزی زبان کو ذریعہ تعلیم کے طورپر استعمال کرنے کی اہلیت حاصل ہوئی ہے۔ کیمبرج میں پڑھائی کے دوران صرف یاد کرنے کے برعکس مجھے کسی خاص مضمون کی تحریر یا واقعے اور اس کے پس منظر میں شامل تصور کو سمجھنے کی قابلیت میسر آئی۔ یہی وجہ ہے کہ میں پاکستان کی یونیورسٹیز میں اعلیٰ تعلیم کے خواہشمند طلبہ کے لیے کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کی سفارش کروں گا۔»

**ثمر محمود** نے ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، کراچی میں میڈیسن پڑھنے سے پہلے دی لائسیم اسکول میں کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز مکمل کیا۔



«میں نے کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کا انتخاب اس لیے کیا کہ میں اور میرے والدین جانتے تھے کہ یہ پاکستان میں سب سے بہترین تعلیمی پروگرام ہے - پاکستان میں تمام یونیورسٹیز جانتی ہیں کہ کیمبرج انٹرنیشنل کے گریجویٹ طلبہ بہت زیادہ محنتی، ذہین اور بولنے اورلکھنے میں اعلیٰ مہارت کے حامل ہوتے ہیں اس کے علاوہ انھیں جہاں کہیں بھی موقع ملتا ہے وہ اپنی کارکردگی کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہیں۔ کیمبرج انٹرنیشنل پروگرام آپ کو ایک ایسا بااعتماد فرد بناتا ہے کہ آپ کسی بھی یونیورسٹی میں وہاں کے نصاب کی مشکلات کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ میرے کیمبرج انٹرنیشنل A لیول اسٹڈیز نے مجھے انتہائی مضبوط تعلیمی بنیاد فراہم کی، اور آگے بڑھنے کا جذبہ اجاگر کرنے میں میری مدد کی۔ میں اب تصوراتی بنیادوں پر علم حاصل کرنے کو پسند کرتی ہوں اور تخلیقی سوچ رکھتی ہوں، مذکورہ خوبیاں اجاگر کرنے میں انڈر گریجویٹ میڈیکل اسٹڈیز کے دوران میری بھرپور مدد کی گئی۔»

**محمد عمیر بن سہیل** نے کراچی میں ڈیفنس اتھارٹی پبلک اسکول سے کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز کی تعلیم حاصل کی۔ انھوں نے کراچی میں ہی NED یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (NEDUET) سے الیکٹرونکس میں انجینئرنگ ڈگری حاصل کی۔



«کیمبرج انٹرنیشنل کو ہمارے ملک میں بہترین امتحانی بورڈ مانا جاتا ہے، اور میری نظر میں اس کی اسیسمنٹ کا طریقہ دوسرے کسی بھی بورڈ کے مقابلے میں بہترین ہے۔ کیمبرج کی وجہ سے میری سوچ کا معیار بنا، جس نے مجھے "نصاب سے باہر" بھی سوچنے میں مدد کی، اور امتحانات نے خاص مضمون کے بارے میں وسیع تر سمجھنے کا موقع دیا۔ اپنے کیریئرمیں کامیابی اور ترقی کے خواہشمند طلبہ کے لیے میں کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کی بھرپور سفارش کروں گا۔»



**ڈاکٹر مقدس تبریز** نے کراچی میں لائسیم اسکول سے کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز میں تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد وہ ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کراچی میں میڈیسن کی تعلیم حاصل کرنے گئے۔



«چاہے آپ ملک سے باہریا ملک کے اندراپنی تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں، دونوں صورتوں میں تمام طلبہ کے لیے میں دل کی گہرائیوں سے کیمبرج انٹرنیشنل اسناد حاصل کرنے کی بھرپور سفارش کرتا ہوں۔ کیمبرج انٹرنیشنل کا نام عالمی سطح پر بہترین تعلیم کے لیے مثالی ہے اور میں جانتا ہوں کہ تمام یونیورسٹیاں کیمبرج اسناد اور ساکھ کو قبول کرتی ہیں۔ میڈیسن ایک منطقی شعبہ ہے جس میں معلومات کا وسیع ذخیرہ انتہائی آسان علامات کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کیمبرج انٹرنیشنل کی تعلیم نے میری تجریدی سوچ کو پروان چڑھایا، وجوہات کی تلاش کے علاوہ نصاب کے مواد کو سمجھنے اور میڈیکل ایجوکیشن میں کامیابی کے لیے میری مدد کی۔ کیمبرج انٹرنیشنل میں مضبوط باہمی رابطے کی اہمیت پر زور دیا جاتا ہے، اور اب میں سمجھتا ہوں کہ مریضوں کے ساتھ میرے بہتر رابطے کی وجہ سے مجھے ان کے علاج معالجے میں آسانی ہوتی ہے بلکہ یہ تعلق ایک ڈاکٹر کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہوتاہے۔»

**محمدعمران** نے صادق پبلک اسکول بہاولپور سے کیمبرج O لیولز اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز کی اسناد حاصل کیں۔ اس کے بعد وہ نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) سے جیوانفارمیٹکس انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے اسلام آباد گئے۔



«کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے کورسز تمام بہترین ہیں اور یہاں پر آپ کو نصاب کے علاوہ بھی سوچنے کی صلاحیت سے ہمکنار کرنے کے ساتھ معلومات حاصل کرنے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کا رلانے پر آمادہ کیا جاتا ہے۔ مجھے پاکستان کی چار سرفہرست یونورسٹیوں میں داخلے کی پیشکش ہوئی اور ہر داخلہ ٹیسٹ کے دوران کیمبرج سے حاصل کردہ علم اور مہارتیں انتہائی فائدہ مند ثابت ہوئیں۔ مجھے پختہ یقین ہے کہ کیمبرج کا طالب علم ہونے کی وجہ سے میں اپنے متعددساتھیوں سے کہیں زیادہ بااعتماد اور مشتاق ہوں۔ میں ہر ایک کے لیے کیمبرج اسناد کے حصول کی سفارش کرتاہوں۔ گو کہ ہائی اسکول سے یونیورسٹی کا سفر آسان نہیں، مگرمجھے لگتا ہے کہ مجھے دوسرے اسکولوں کے طلبہ پر برتری حاصل ہے۔ مجھے اپنے مضمون سے متعلق معلومات کو عملی طورپر استعمال کرنے میں آسانی ہوتی ہے، اور کلاس روم کے اندر بھی میں اپنے تصورات اور خیالات کے اظہار کے دوران زیادہ با اعتماد رہتا ہوں۔»

**حفصہ اشفاق** نے انڈس ویلی اسکول آف آرٹس اینڈ آرکیٹکچر، کراچی میں کمیونی کیشن ڈیزائن میں بیچلر ڈگری سے پہلے سیڈار کالج کراچی سے کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز کی تعلیم حاصل کی۔



«یہ ایک حقیقت ہے کہ کیمبرج انٹرنیشنل اسناد سب سے بہترین ہیں، لیکن میں نے کیمبرج کا انتخاب کیوں کیا، اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ طلبہ کوصرف نصابی مواد پڑھانے کے برعکس یہاں پر علم حاصل کرنے اور سمجھنے کے ساتھ ساتھ اس جانچ پڑتال کی تلقین کی جاتی ہے۔ آرٹ اسکول میں پڑھنے کی تیاری کرنے والے طلبہ کو میرا مشورہ یہ ہے کہ کیمبرج O لیول اور انٹرنیشنل A لیول آرٹ کو ترجیح دیں کیوں کہ یہ اسناد مضمون کے لیے بہترین بنیاد فراہم کرتی ہیں۔»



**سوہنال رمیز** نے نکسر کالج کراچی سے کیمبرج انٹرنیشنل A لیول پاس کیا۔ اس کے بعد وہ غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ اف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی صوابی میں پڑھنے گئیں۔

«کیمبرج انٹرنیشنل میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران صرف نصاب پر توجہ نہیں دی جاتی بلکہ طلبہ کو پیشہ ورانہ عملی زندگی کے لیے بھی تیار کیا جاتا ہے۔ کیمبرج انٹرنیشنل اسناد کو پاکستان کی یونیورسٹیز میں بھی قبولیت کے ساتھ ساتھ اہمیت دی جاتی ہے – مذکورہ اسناد نے مجھے یونیورسٹی داخلوں کے وقت اور اور
آخری سال انٹرن شپ کے حصول میں بھی سپورٹ کیا۔ کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے عملی امتحانات نے یونیورسٹی میں بھی میری بہت مدد کی ہے۔ میں جب لیبارٹری میں پڑھتی تھی، میں طریقہ کار اورنتائج حاصل کرنے میں بہتر تھی کیونکہ میں نے اسکول میں بھی تجربات کیے تھے۔ اپنی کیمبرج انٹرنیشنل اسنادکی بدولت میں نے مسائل کا حل رٹنے کے برعکس تخلیقی بنیادوں پر سوچنا شروع کیا اور دماغ کے ساتھ ساتھ وجوہات کی بنا پر مسائل کا سامنا اورانہیں حل کرنے کی ہمت کا بھی مظاہرہ کیا۔ میں کسی بھی طالب علم کوپاکستان یا بیرون ملک سے کیمبرج انٹرنیشنل اسناد حاصل کرنے کی سفارش کروں گی – مذکورہ اسناد تعلیمی کیریئر میں کامیابی کے لیے بہترین ذریعہ ثابت ہو سکتے ہیں۔»

# پاکستان میں میڈیکل اور انجنئرنگ کی تعلیم

ملکی سطح پر میڈیکل اورانجینئرنگ یونیورسٹیز میں داخلے وسیع پیمانے پر پاکستان میڈیکل کمیشن (PMC) اور پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) کے تابع ہیں۔
ان کے تقاضوں کا ایک مختصر مجموعی جائزہ ذیل میں فراہم کیا گیا ہے:

## پاکستان میڈیکل کمیشن (PMC)

### داخلہ کے تقاضے

پاکستان میڈیکل کمیشن (PMC)
میڈیکل کالجوں میں داخلے کے لیے بنیادی تقاضے طے کرتاہے۔ وہ حسب ذیل ہیں:

- 40 فیصد نمبروزن داخلہ HSSC یا کیمبرج انٹرنیشنل A لیول اور 10 فیصد SSC یا کیمبرج IGCSE یا O لیول کی صورت میں، IBCC کے برابری سر ٹیفکیٹ کے ذریعے اس کا ثبوت۔ امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ داخلہ کی اہلیت کے لیے امتحان میں کم از کم 65 فیصد یا زائد مارکس حاصل کریں۔
- 50 فیصد وزن داخلہ PMC کے منعقدہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ کے نتائج کو دیا جاتا ہے۔ داخلہ ٹیسٹ کے لیے پاس مارکس 65 فیصد ہیں۔
- اس کے بعد صوبائی ادارے اورنجی میڈیکل کالجز مذکورہ بالارہنما خطوط کا استعمال کر کے، خود اپنے ٹیسٹ اورامتحانات کے لیے معیار طے کرتے ہیں۔ اس لیے، ضروری ہے کہ ہر یونیورسٹی میں داخلہ کے تقاضے چیک کیے جائیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.pmc.org.pk

رجسٹرار PMC کا پیغام

> ”ہم کیمبرج سے سند یافتہ طلبہ کو میڈیسن کے شعبے میں واقعی بہت اچھا پاتے ہیں؛ ان کے اندر میڈیسن میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے سبھی مطلوبہ اہلیت اور قابلیت ہوتی ہے اورہم کیمبرج سے سند یافتہ طلبہ پاکستانی میڈیکل کالجوں میں شمولیت اختیار کرنے کی ترغیب دینا چاہیں گے۔“

## پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC)

PEC ملک میں انجینئرنگ کی تعلیم کے لیے بنیادی تقاضے طے کرتی ہے۔ طلبہ کو اہل قراردینے والے مضامین کیمبرج O لیول یا IGCSE اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول امتحانات پاس کرناضروری ہے، ان مضامین میں کیمسٹری بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ، انھیں متعلقہ ادارے یا یونیورسٹی کے ذریعہ منعقدہ داخلہ ٹیسٹ مجموعی طورپر کم ازکم 60 فیصد مارکس کے ساتھ پاس کرنا ضروری ہے (IGCSE یا O لیول، A لیول اور داخلہ امتحان مشترکہ)۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.pec.org.pk

رجسٹرار PEC کا پیغام

> ”PEC ملک میں بین الاقوامی معیارات کے مطابق انجینئرنگ کی تعلیم کے معیار کو برقراررکھتی ہے تاکہ پاکستانی گریجویٹ عالمی سطح پر مقابلہ کرسکیں۔ کیمبرج O/A لیول کے طلبہ PEC کی جانب سے طے شدہ انجینئرنگ کی تعلیم کے معیار کے مطابق بین الاقوامی سطح پر قابلِ قبول ہیں اور PEC اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ کیمبرج O/A لیول کے طلبہ کی کارکردگی یونیورسٹیز میں بہتر ہوتی ہے۔“

# پاکستان میں یونیورسٹی کی سطح پر منظوری

پاکستان کی بہت ساری مختلف یونیورسٹیز کیمبرج کی اسناد تسلیم کرتی ہیں۔ کچھ معروف پاکستانی اداروں کی جانب سے منظوری کی مثالیں درج ذیل صفحات پر دی گئی ہیں۔ تاہم، داخلہ کے معیار سے متعلق معلومات کو اس یونیورسٹی کے دفتر داخلہ سے چیک کرنا نہایت ضروری ہے جس میں درخواست دی گئی ہے، کیونکہ تقاضے تبدیل ہو سکتے ہیں۔

## غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (GIKI)

### داخلہ کے تقاضے

مختلف فیکلٹیز میں داخلہ اور تفویض داخلہ ٹیسٹ اور انفرادی درخواست دہندگان کی مختلف کارکردگیوں کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔

تاہم، داخلے کے لیے اہل ہونے کے کم ازکم تقاضے تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز (فزکس، حساب اورکیمسٹری نیز حساب فزکس میں گریڈ D یا اعلیٰ تر) اور سات کیمبرج O لیولز ہیں۔

A لیول پر کیمسٹری کے بجائے کمپیوٹنگ کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ صرف کمپیوٹر انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اپنے امتحان کے نتائج کے منتظر طلبہ درخواست دے سکتے ہیں لیکن داخلے کی توثیق ان کی طرف سے اہلیت کا معیار پوراکیے جانے کے ساتھ مشروط ہو گی۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.giki.edu.pk

GIKI ریکٹر کا پیغام

”اس بات کا ذکر کرنا قابلِ اطمینان ہے کہ بہت سارے طلبہ کیمبرج کے نظام امتحان میں اہل قرار پانے کے بعد انجینئرنگ میں کیریئر بنانے کا انتخاب کرتے ہیں۔ کیمبرج نظام کے توسط سے آنے والے بیشتر طلبہ یونیورسٹی کی محنت طلب تعلیم پر اچھی طرح قابو پالیتے ہیں: غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ان کا خیر مقدم کرتی ہے۔“



# نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST)

## داخلہ کے تقاضے

**انجینئرنگ:** IBCC کے تقاضوں کے مطابق کیمبرج IGCSE یا O لیول اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول میں کم از کم 60 فیصد مارکس درکار ہیں. انجنئرنگ کے لیے سائنس گروپ کے O لیول کے برابر اور پری انجینئرنگ گروپ کے A لیول کے برابر ہونا ضروری ہے، بشمول حساب، فزکس اور کیمسٹری لازمی مضامین کے طور پر۔ سافٹ ویئر انجنئرنگ کے لیے، سائنس گروپ کے O لیول کے برابر اور پری انجنئرنگ گروپ یا کمپیوٹر سائنس گروپ کے A لیول کے برابر ہونے کی ضرورت ہے، بشمول حساب، فزکس، کیمسٹری یا کمپیوٹر سائنس یا کمپیوٹر اسٹڈیز بطور لازمی مضامین کے۔

**میڈیسن:** IBCC کے تقاضوں کے مطابق پری میڈیکل مضامین میں کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز ہونا لازمی ہے۔

کیمبرج اسکولز کے امیدواروں کی حوصلہ افزائی کے لیے، NUST نے انجینئرنگ، IT، میڈیسن، مینجمنٹ، سوشل سائنسز اور اپلائیڈ بائیو سائنسز میں SAT ٹیسٹ کے ذریعے داخلے کے لیے کچھ نشستیں محفوظ رکھی ہیں۔ A لیول اور FSc اسٹریمز دونوں ہی کے پاکستانی طلبہ یہ آپشن استعمال کر سکتے ہیں اور محفوظ نشستوں کے لیے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ میڈیکل پروگرام کے لیے درخواست دینے کے واسطے ہر مضمون میں کم ازکم اسکور 550 مطلوب ہے۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.nust.edu.pk

رجسٹرار NUST کا پیغام

”NUST کے طلبہ کی ایک نمایاں فیصد شرح کیمبرج O لیول اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول اسٹریم سے تعلق رکھتی ہے، اور میں اس بات کو ضرورتسلیم کروں گا کہ، NUST میں مقابلہ جاتی ماحول میں بھی، ان کی کارکردگی کافی نمایاں ہے۔ لہٰذا میں کیمبرج سے سند یافتہ طلبہ کو NUST میں اپنی دلچسپی والے شعبوں میں شمولیت اختیار کرنے کی ترغیب دوں گا۔“



## کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی

### داخلہ کے تقاضے

ایک طالب علم کو IBCC سے برابری سر ٹیفکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے، جس میں 65 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کیے گئے ہوں۔ اس طرح وہ طالب علم پاکستان میڈیکل کمیشن (PMC) کے زیرِ انتظام تحریری امتحان یعنی نیشنل MDCAT میں بیٹھنے کا اہل ہو گا۔ داخلہ ٹیسٹ کے نتائج اور نمبروں کے وزن کا تعین PMC کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ دواجزاء کے نتائج کو ایک ساتھ ملانے کے بعد تمام میڈیکل کالجوں کے لیے ایک میرٹ لسٹ تیارکی جاتی ہے اور طلبہ کو ان کی درجہ بندی کے لحاظ سے کالج میں داخلے ملتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.kemu.edu.pk

وائس چانسلر، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا پیغام

”دنیا کے اس حصے میں قدیم ترین اور سب سے زیادہ باوقار میڈیکل انسٹی ٹیوشن کی حیثیت سے ہم ہر سال اپنے بیڑے میں 300 سے زائد میڈیکل کے نئے طلبہ کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اپنے کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز مکمل کرنے کے بعد یونیورسٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے طلبہ عام طورپر بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں؛ وہ زیادہ تجسس پسند، بہتر انداز بیاں کے مالک اور نئے طریقوں کو آمادگی سے سمجھنے والے ہوتے ہیں۔ ہم ان شاندارنو عمر اذہان کو تربیت دیتے ہیں تاکہ میڈیسن میں ہونے والی تیز رفتار تبدیلیوں کے ساتھ چل سکیں، جس سے انہیں اپنے شعبوں میں قائدین بننے کی سہولت ملتی ہے۔“

## انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، کراچی (IBA)

### داخلہ کے تقاضے

کم ازکم اہلیت کے معیار کے لیے کیمبرج انٹرنیشنل A لیول پر تین بنیادی مضامین نیز گریڈ B میں کم ازکم دو اورگریڈ C میں ایک پاس ضروری ہوتا ہے۔ تینوں ہی بنیادی مضامین میں کوئی بھی گریڈ C سے کم نہیں ہونا چاہیے۔

برائے کرم نوٹ کرلیں: کسی بھی سبسڈی، عمومی یاایڈوانسڈ سپلیمنٹری پیپرز کے لیے کوئی کریڈٹ قابل اطلاق نہیں ہے۔

پروگرام کے ساتھ مخصوص تقاضوں اور تفصیلات کے لیے براہِ کرم ملاحظہ کریں www.iba.edu.pk

### کیمبرج کے طلبہ سے متعلق آراء

**IBA کے عملہ نے ہمیں بتایا:**

”کیمبرج سسٹم سے گزرنے والے طلبہ، خاص طورپر ان شعبوں سے تعلق رکھنے والے مضامین کا مطالعہ کرنے والے طلبہ جن شعبوں کی تعلیم IBA میں حاصل کرنے کا ان کا ارادہ ہے، یہاں پر قابلِ ذکر حد تک اچھا کرتے ہیں۔ امتحانات کی کامیاب تکمیل کے لیے اس سے کہیں زیادہ بہتر سطح کی تنقیدی اور تخلیقی توجیہ درکارہوتی ہے جو پاکستان کا روایتی نظام تعلیم فراہم کرتاہے۔

مذکورہ اہلیت کے علاوہ کیمبرج انٹر نیشنل A لیول کے اپنے امتحانات میں اچھی کارکردگی دکھانے والے طلبہ اوسط سے بہتر تحریری اور زبانی مواصلاتی اہلیت کا بھی مظاہرہ کرتے ہیں، ان میں خوداعتمادی ہوتی ہے اور وہ فطرتاً دنیا کے بارے میں متجسس ہوتے ہیں۔“

## لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS)

### داخلہ کے تقاضے

کم ازکم اہلیت کے معیار حسب ذیل ہیں:

- کم از کم آٹھ کیمبرج IGCSE یا O لیول کے مضامین۔
- کم از کم تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کے مضامین نیز گریڈ B میں کم از کم دو اور گریڈ C میں کم ازکم ایک پاس۔ جن طلبہ کے پاس درخواست دینے کے وقت A لیول کے ان کے نتائج نہ ہوں، انھیں داخلہ کی پیشکش اس شرط پر کی جاتی ہے کہ انھیں ان کم سے کم اہلیت کے معیارات کو پورا کرنا ہے۔

داخلے کی میرٹ لسٹ میں کیمبرج IGCSE یا O لیولز اور کیمبر ج انٹرنیشنل A لیولز میں موصولہ مضمون کے گریڈز یا اسکورز اور LUMS کے داخلہ ٹیسٹ کے اسکورزکو زیرِغور رکھاجاتا ہے۔ اسکول کے امتحان کے نتائج اور داخلہ ٹیسٹ میں تفویض کردہ وزن اسکول دراسکول مختلف ہوتا ہے۔

LUMS میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ سے عموماً اپنے تعلیمی اسکورز نیز LUMS داخلہ ٹیسٹ کے لیے تیاری پر کام کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے، جوSAT فارمیٹ پر مبنی ہوتا ہے۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.lums.edu.pk



### کیمبرج کے طلبہ سے متعلق آراء

#### LUMS کے عملہ نے ہمیں بتایا:

"کیمبرج سے سند یافتہ طلبہ عموماً LUMS میں، خاص طورپر مطلوبہ برجستگی اور مطالعہ، تحریر اور تجزیاتی اہلیت جیسے شعبوں میں تعلیمی اہلیت کے حوالے سے اچھی کارکردگی دکھاتے ہیں۔

درخواست دہندگان کو مواصلات، زبانی اور تحریری دونوں ہی میں پیشکش اور تجزیہ کے حوالے سے ہنر مند ہونا چاہیے۔ کیمبرج اسٹریم سے داخلہ پانے والے طلبہ میں عموماً ان شعبوں میں مہارت اور قابلیت ہوتی ہے۔"

وائس چانسلر LUMS کا پیغام

"یونیورسٹی ہٰذا میں ایک انڈر گریجویٹ مطالعاتی پروگرام کی شروعات بہت سارے طلبہ کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ اسکول سے یونیورسٹی کی زندگی میں قدم رکھنے کے واسطے طلبہ کو منطقی اور تجزیاتی فکری صلاحیتوں سے پوری طرح آراستہ ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیمبرج سے سند یافتہ طلبہ عموماً LUMS میں، خاص طورپر مطالعہ، تحریر اور پیشکش کے شعبوں میں اچھی کارکردگی دکھاتے ہیں۔ کیمبرج کا وسیع پیما کورس کا خاکہ طلبہ کو آنے والے چیلنجز کے لیے تیار کرتا ہے۔ وسیع پیمانے کے متعدد مضامین طلبہ کو اپنی پسند کی دلچسپیاں منتخب کرنے کی آزادی دیتے ہیں اور LUMS کے انڈرگریجویٹ اسٹڈیز کے ماڈل کی تکمیل بھی کرتے ہیں۔"

## نیشنل کالج آف آرٹس (NCA)



### داخلہ کے تقاضے

طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ کم ازکم تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز اور آٹھ کیمبرج O لیولزکے مضامین لیے ہوں جن سے IBCC تقاضوں کی تکمیل ہوتی ہے۔ آرکیٹکچرکو چھوڑ کر، جس میں حساب ایک پیشگی تقاضہ ہے، انھوں نے کسی بھی قدرِ مشترک مضمون کی تعلیم حاصل کی ہو۔

اگر وہ داخلہ کے ابتدائی معیار کو پوراکرتے ہیں تو وہ داخلہ ٹیسٹ کے لیے بیٹھ سکیں گے۔ پیشکشیں داخلہ امتحان میں ان کی کارکردگی پر مبنی ہوتی ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.nca.edu.pk

### کیمبرج کے طلبہ سے متعلق آراء

**NCA کے عملہ کا یوں کہنا ہے:**

”کیمبرج کے طلبہ کو قابلِ قدرتخلیقی اور مواصلاتی اہلیت کے حامل طلبہ سمجھا جاتا ہے۔ میڈیا اسٹڈیز میں کیمبرج انٹرنیشنل A لیول والے طلبہ فلم، ٹیلی ویژن اور میڈیا اسٹڈیز میں انڈر گریجویٹ کو رسز کے لیے کافی اچھا آغاز کرتے ہیں۔“

پرنسپل NCA کا پیغام

” NCA فنکاروں، ڈیزائنروں، آرکیٹکٹس کو تعلیم دینے میں ایک قائد بن گیا ہے- اس طرح کہ وہ آرٹ اور ڈیزائن کی حدود کی نئی سرحدیں دریافت کرنے اور محنت طلب مطالعہ کے ذریعہ خود اپنے نظریے اور خیال کو پھیلانے کے عہد بستہ ہنر مند، تخلیقی افراد کی ایک برادری کی آبیاری کرتا ہے۔ ہم اپنے طلبہ کو سکھاتے ہیں کہ کسی بھی چیز کو مسترد نہ کریں، ہر چیز کا معائنہ کریں؛ ہم انھیں یہ سکھاتے ہیں کہ کس طرح سوچنا ہے لیکن یہ کبھی نہیں سکھاتے ہیں کہ کیا سوچنا ہے۔ NCA میں خیال، مقصد، خود اعتمادی اور کام کے ساتھ وفادار طلبہ کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ “

## انڈس ویلی اسکول آف آرٹ اینڈ آرکیٹکچر، کراچی

### داخلہ کے تقاضے

کم ازکم اہلیت کا تقاضہ ایک انٹر میڈیٹ سر ٹیفکیٹ نیز کم ازکم گریڈ C یا کیمبرج انٹرنیشنل A لیول نیز جنرل پیپر کے علاوہ کسی دومضامین میں کم ازکم D ہے۔ انڈس ویلی اسکول میں داخلہ کلی طورپر میرٹ پر دیا جاتا ہے۔ کسی طالب علم کا حتمی انتخاب ایک تین درجاتی عمل ہے، جو ایک ایپٹی ٹیوڈ ٹیسٹ، ایک انٹرویو پروسیس اور انٹرمیڈیٹ یا کیمبرج O لیول اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول پر بنیادی اہلیت کے معیار کی تکمیل پر مشتمل ہے۔

اسپورٹس اور دیگر معاون نصابی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی، کمیونٹی میں شرکت اورسرگرمیوں میں شمولیت کا ریکارڈ بھی، جن کا تعلق درخواست دہندہ کے منتخب کردہ پیشے سے ہو، زیرِ غور لایا جاتا ہے۔ داخلہ پینل اپنے فیصلے کی بنیاد درخواست دہندہ کے ذریعے جمع کرائی گئی، تمام اسناد کے ایک محتاط جائزے پر رکھتا ہے، جوطالب علم کے منتخب کردہ پروگرام کے تقاضوں کے مناسب ہوتا ہے۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.indusvalley.edu.pk

### کیمبرج کے طلبہ سے متعلق آراء

**انڈس ویلی اسکول کے عملے نے ہمیں بتایا:**

”کیمبرج O لیول اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول اسٹریم کے طلبہ زبانی اور تخیلاتی دونوں اعتبارسے اچھے معلوم ہوتے ہیں اور اسی وجہ سے تصورات کو اخذ کرنے کی ان کی اہلیت سے انھیں اپنے تخیلاتی فکر کو تیزی سے عروج پر لے جانے میں مدد ملتی ہے، جو آرٹ کی تعلیم کے لیے لازمی حد تک اہم ہے۔“

ایگزیکٹو ڈائریکٹر، انڈس ویلی اسکول کا پیغام

> ”انڈس ویلی اسکول آف آرٹ اینڈ آرکیٹکچر متنوع پس منظر کے تحریک یافتہ اورہنر مند طلبہ کا اندراج کرنے کا شائق ہے۔ IVS میں آنے والے طلبہ میں آرٹ اور ڈیزائن میں تحقیق پسندی اور تخلیقی تصور کی حساسیت نیز تدابیر تلاش کرنے سے پہلے تنقیدی لحاظ سے سوچنے اور منطقی اعتبار سے مسائل کا تجزیہ کرنے کی اہلیت کی عکاسی ہونی چاہیے۔“

## بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی (Beaconhouse National University)

### داخلہ کے تقاضے

**BA / BSc (آنرز) پروگرامز**

انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلے کا اہل ہونے کے لیے، درجِ ذیل تقاضے **پورے کرنے ہوتے ہیں:**

کیمبرج O لیول (کم ازکم آٹھ مضامین) اور تین کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز۔ ایڈوانسڈ سبسڈری (AS لیول) کوزیرغور نہیں لایا جائے گا۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.bnu.edu.pk

وائس چانسلر بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی کا پیغام

> ”بیکن ہاؤ س نیشنل یونیورسٹی کے داخلہ کے معیار کے مطابق، کیمبرج کی اسناد قبول کی جاتی ہیں اور یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ کیمبرج کی اسناد کے حامل طلبہ کی اکثریت بیکن ہاؤس نیشنل یونیورسٹی میں درخواست دیتی ہے اور وہ اپنی اچھی زبانی، تحریری اور تجزیاتی اہلیت کی وجہ سے اچھی کارکردگی دکھاتے ہیں۔“

## یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز(University of Health Science)

### داخلہ کے تقاضے

ایک طالب علم کو IBCC سے برابری سر ٹیفکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے، جس میں 65 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کیے گئے ہوں۔ اس طرح وہ طالب علم پاکستان میڈیکل کمیشن (PMC) کے زیرِ انتظام تحریری امتحان یعنی نیشنل MDCAT میں بیٹھنے کا اہل ہو گا۔ داخلہ ٹیسٹ کے نتائج اور نمبروں کے وزن کا تعین PMC کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ دو اجزاء کے نتائج کو ایک ساتھ ملانے کے بعد تمام میڈیکل کالجوں کے لیے ایک میرٹ لسٹ تیار کی جاتی ہے اور طلبہ کو ان کی درجہ بندی کے لحاظ سے کالج میں داخلے ملتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.uhs.edu.pk

وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کا پیغام

”عام طورپرایک تصور یہ پایا جاتا ہے کہ O لیول اور A لیول سسٹم کے طلبہ کے لیے سرکاری میڈیکل کالجوں میں داخلہ ملنا مشکل ہوتا ہے، مگرمیں اس بات سے متفق نہیں ہوں۔ کیمبرج کے طلبہ عام طورپر زیادہ جدت پسند، تخلیقی ذہنیت کے مالک، متحرک اور پر اثر ہوتے ہیں۔ میں اس نظام تعلیم سے وابستہ سیکڑوں طلبہ کو جانتا ہوں جن کا داخلہ پاکستان اور بیرون ملک سرفہرست میڈیکل اسکولوں میں ہوا اور اب وہ بہترین ڈاکٹر ہیں۔“

## ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز(Dow University of Health Sciences)

### داخلہ کے تقاضے

ایک طالب علم کو IBCC سے برابری سر ٹیفکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے، جس میں 65 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کیے گئے ہوں۔ اس طرح وہ طالب علم پاکستان میڈیکل کمیشن (PMC) کے زیرِ انتظام تحریری امتحان یعنی نیشنل MDCAT میں بیٹھنے کا اہل ہو گا۔ داخلہ ٹیسٹ کے نتائج اور نمبروں کے وزن کا تعین PMC کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ دواجزاء کے نتائج کو ایک ساتھ ملانے کے بعد تمام میڈیکل کالجوں کے لیے ایک میرٹ لسٹ تیارکی جاتی ہے اور طلبہ کو ان کی درجہ بندی کے لحاظ سے کالج میں داخلے ملتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.duhs.edu.pk

وائس چانسلر ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کا پیغام

”جو طلبہ کیمبرج انٹرنیشنل A لیولز پاس کرکے آتے ہیں وہ تخلیقی سوچ کے مالک ہوتے ہیں اور بہتر فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کی رابطوں کے اعتبار سے مہارتیں بہتر ہوتی ہیں اور ان کی تحریری قابلیت خاص طورپر انگریزی میں بہترین ہوتی ہے۔ یہاں پر داخلے کا معیار شفاف ہوتا ہے اور اس کا انحصار امتحانات کے نتائج اور معلومات کے ٹیسٹ پر ہوتا ہے۔ اور میں نے A لیول کے طلبہ کو اس کالج کے علاوہ کسی دوسرے کالج میں بھی داخلے یا گریجویشن کے حصول میں کسی مشکل کا سامنا کرتے نہیں دیکھا۔“

# یونیورسٹی آف لندن انٹر نیشنل پروگرامز

یونیورسٹی آف لندن انٹرنیشنل پروگرامز طلبہ کو پاکستان میں یونیورسٹی آف لندن کی سند کے لیے تعلیم حاصل کرنے کا اہل بناتا ہے۔ طلبہ ایک مقامی خودمختار تدریسی ادارے میں، باقاعدہ آموزش کے ذریعے اسناد کے لیے تعلیم حاصل کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## داخلہ کے تقاضے

نان اوورلیپنگ مضامین میں گریڈ C یا اعلیٰ درجے میں تین کیمبرج O لیول/ کیمبرج IGCSE پاس کیا ہونیز نان اوورلیپنگ مضامین میں گریڈ E یا اعلیٰ درجے میں دومزید کیمبرج انٹر نیشنل A لیول پاس کیا ہو۔ ان سے مجموعی طورپر عمومی داخلہ کے معیار کی تکمیل ہوتی ہے۔

برائے کرم نوٹ کرلیں کہ جہاں قابل اطلاق ہو وہاں پروگرام کے ساتھ مخصوص تقاضے بھی پوراکرنے ہوتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ جو اسناد عمومی داخلہ کے معیار کی تکمیل کرتی ہیں وہ کسی مخصوص پروگرام کے تقاضوں کی تکمیل بھی کرتی ہوں۔

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں www.londoninternational.ac.uk

### مزید معلومات


*UK NARIC نے کیمبرج IGCSE اور کیمبرج انٹرنیشنل AS اور A لیولزکا برطانوی تعلیمی نظام کے ساتھ موازنہ کرنے کے لیے ایک آزاد معیاری تحقیق مکمل کرلی ہے۔ اس تحقیق میں مذکورہ تعلیمی اسناد کو عالمی معیار کے مطابق اوربہترین قراردیا گیا ہے، اس تحقیق میں برطانوی نیشنل سیکنڈری اسنادبشمول کیمبرج IGCSE کا GCSE A*-G کے ساتھ؛ کیمبرج انٹرنیشنل AS لیول کا GCE AS لیول (A-E) کے ساتھ؛ اور کیمبرج انٹرنیشنل A لیول کا GCE A لیول (A*-E) کے ساتھ موازنہ کیا گیا ہے۔

*برطانیہ کے یورپی یونین سے علیحدہ ہونے کی وجہ سے ،یکم مارچ 2021 کو UK NARIC نیشنل توثیقی ایجنسی کا نام تبدیل کر کے UK ENIC رکھ دیا گیا ہے، جس کا انتظام Ecctis لمیٹڈ کے پاس ہے۔ یکم مارچ 2021 سے بین الاقوامی معیاری تحقیقات کے نتائج Ecctis کے نام سے شائع ہوتے ہیں۔

**وہ ادارے جو انٹرنیشنل پروگرامز منعقد کرنے کے لیے یونیورسٹی آف لندن سے تسلیم شدہ ہیں**

| ادارہ | شہر |
|---|---|
| بیکن ہاؤس انٹرنیشنل کالج | اسلام آباد اور فیصل آباد |
| ڈیننگ بزنس اسکول | کراچی |
| دی انسٹی ٹیوٹ آف لیگل اسٹڈیز(TILS) | اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، لاہوراور ملتان |
| بلیک اسٹون اسکول آف لاء اینڈ بزنس | لاہور |
| مینجمنٹ ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ (MDI) | اسلام آباد |
| LGS انٹرنیشنل ڈگری پروگرام | اسلام آباد |
| UCL بزنس اسکول | ملتان |
| بے ویوکالج | کراچی |
| اسلام آباد اسکول آف لاء | اسلام آباد |
| اسکول آف انٹرنیشنل لاء | اسلام آباد |
| دی ملینیم یونیورسل کالج TMUC | اسلام آباد، لاہوراور کراچی |
| کستان کالج آف لاء | لاہور |
| میٹروپولیٹن انٹرنیشنل یونائیٹڈ کالج | اسلام آباد |
| روٹس کالج انٹرنیشنل IVY کیمپس | اسلام آباد |
| یونیورسل کالج لاہور | لاہور |
| کالج آف اکاؤنٹنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز(CAMS) | کراچی |
| یونیورسٹی کالج آف اسلام آباد | اسلام آباد |

# مزید معلومات:



## Recognition Search

### Welcome to the recognition search page

Our recognition database is an online directory of worldwide organisations which have specifically provided us with formal written acceptance of Cambridge qualifications. Although the database is updated regularly, this is not an exhaustive list.

There are many organisations not listed here which do accept Cambridge qualifications. The database is correct according to the information provided to us; however, we recommend checking with organisations directly for the most up-to-date information as regards entry requirements since these requirements are subject to change.

If you would like to see information about your organisation included in our recognition search results, please **register your recognition details.**

Please note: We changed our name from Cambridge International Examinations to Cambridge Assessment International Education in September 2017. Recognition statements that refer to Cambridge International Examinations are valid for Cambridge Assessment International Education.

**Please enter your search criteria below.**

**Location:**

Select a location

**Organisation**

Organisation Name

Organisation type

- Select all organisation types
- Universities and colleges
- Government/ ministries
- Professional associations
- Companies

**Cambridge IGCSE and O Level** +

**Cambridge International AS & A Level and Cambridge AICE** +

**Cambridge Professional Development Qualifications (Cambridge PDQs)** +

**Cambridge Global Perspectives** +

**Cambridge Pre-U** +

**Withdrawn qualifications** +

Search

### کیمبرج منظوری کا ڈیٹا بیس

ہمارے آن لائن منظوریوں کے ڈیٹا بیس میں دنیا بھر کے وہ تمام ادارے موجود ہیں جنھوں نے تحریری طورپر کیمبرج اسناد کو قبول کیا ہے۔ ہمارا ڈیٹا بیس باقاعدگی سے قبولیت کی نئی تحریروں سے اپ ڈیٹ ہوتا رہتا ہے، جس کی بدولت طلبہ کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ کیمبرج اسناد کہاں کہاں قبول کی جاتی ہیں۔ آپ اس ڈیٹابیس میں کسی خاص یونیورسٹی میں داخلے کے تقاضے تلاش کر سکتے ہیں۔

تازہ ترین معلومات کے لیے، یا اپنے مطلوبہ ادارے کو تلاش کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ کے پیج:
www.cambridgeinternational.org/recognitionsearch پر جائیں۔

پاکستان میں داخلے کے تقاضے منفرد ہیں اور ہم پاکستان میں اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلے کے خواہشمند اپنے طلبہ کی مدد کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔

### آن لائن مدد

آپ کیمبرج کے امتحانات اور خدمات کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالوں کے جوابات www.cambridgeinternational.org/help پر بھی تلاش کر سکتے ہیں۔

بس تلاش باکس میں اپنا سوال ٹائپ کریں یا اپنی رہنمائی کے لیے مینو استعمال کریں۔

### کسٹمر سروسز

آپ ہمیں

info@cambridgeinternational.org

پر ای میل یا 553554 1223 44+ پر کال کر سکتے ہیں۔

ہم ہفتے میں 6 دن 24 گھنٹے دستیاب ہوتے ہیں۔

کیمبرج اسیسمنٹ انٹرنیشنل ایجوکیشن
دی ٹرائی اینگل بلڈنگ، شافٹسبری روڈ
، کیمبرج CB2 8EA, UK
ٹیلیفون: 553554 1223 44+ ای میل: info@cambridgeinternational.org
www.cambridgeinternational.org

© کیمبرج یونیورسٹی پریس اینڈ اسیسمنٹ 2022